PAK-QATAR ASSET MANAGEMENT

پاک قطر ایسیٹ مینیجمنٹ

# شرعی تصدیق

## پاک قطر اسلامک انکم فنڈ

پاک قطر ایسیٹ مینجمنٹ کمپنی لیمٹڈ اپنی سرمایہ کاری سے متعلق معاملات وکالۃ الاستثمار (Investment Agency) کے اصولوں کے تحت انجام دیتی ہے، جس میں کمپنی بطور وکیل (Agent) کام کرتی ہے جبکہ سرمایہ کار موکل (Principals) ہوتے ہیں۔ کمپنی اپنی فراہم کردہ سرمایہ کاری کی خدمات کے عوض وکالہ فیس (IMC) وصول کرتی ہے۔

ان ہی اصولوں کے تحت کمپنی **پاک قطر اسلامک انکم فنڈ** کا انتظام سنبھالتی ہے، جو سندھ ٹرسٹ ایکٹ 2020 کے تحت تشکیل دیا گیا ہے۔

اس ضمن میں یہ تصدیق کی جاتی ہے کہ مذکورہ فنڈ کے تمام امور بشمول اس کی دستاویزات، سرمایہ کاری، اور متعلقہ انتظامی معاملات مکمل طور پر شرعی اصولوں کے مطابق ترتیب دیے گئے ہیں۔ مزید یہ کہ فنڈ اور اس کی تمام سرگرمیاں شریعہ ایڈوائزر کی مسلسل نگرانی اور جائزے میں رہتی ہیں، جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ فنڈ کے تمام معاملات، سرمایہ کاریاں، اور لین دین مستقل طور پر شرعی ہدایات و اصولوں کے مطابق رہیں۔

**ڈاکٹر محمد زبیر عثمانی**

شریعہ ایڈوائزر

Version: PQAMCL-SC-PQIIF-U-061125

**PAK-QATAR ASSET MANAGEMENT COMPANY LIMITED**

Suite # G8 - G9, Business Arcade, Block 6, P.E.C.H.S., Shahrah-e-Faisal, Karachi-75400.

UAN:111-PQMACL (772-625) | E-mail: info@pqamcl.com | Web: www.pqamcl.com

AM2

Rated by PACRA with Positive outlook